دستخط نگران کار

# M.Com Entrance Test - 2011

## انٹرنس امتحان - 2011

## برائے داخلہ ایم۔کام

***Question paper cum Answer script*** پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے | ہال ٹکٹ نمبر: | نمبرات : ۱۰۰

## OMRجوابی شیٹ میں معلومات کی کس طرح خانہ پُری کریں۔

1۔ آپ کا مکمل ہال ٹکٹ نمبر اور آپ کا صحیح نام، پتہ مع پن کوڈ مہیا کی گئی جگہ میں لکھیں۔ شیٹ پر مع تاریخ اپنی دستخط کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے امتحان ہال کا نگران کار بھی OMR ریسپانس شیٹ پر فراہم کردہ جگہ پر دستخط کرے۔ آپ HB پنسل کا استعمال کریں۔

2۔ OMR ریسپانس شیٹ پر کوئی غیر ضروری الفاظ نہ لکھیں۔

3۔ داخلہ نمبر اور امتحانی مرکز کوڈ کے کالموں میں صحیح معلومات Numerical digit میں لکھیں۔

4۔ ہر سوال کے لیے چار جوابات دیئے گئے ہیں، جس کو C,B,A اور D نمبر دیئے گئے ہیں۔ آپ سوال کے سب سے مناسب ترین جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر HB پنسل کا استعمال کرتے ہوئے صحیح نمبر کے دائرہ کو گہرا کیجیے۔

5۔ اگر آپ جواب تبدیل کرنا چاہیں تو گہرا کیے گئے دائرہ کو اچھے قسم کے ربر کا استعمال کرتے ہوئے مکمل طور پر مٹا دیجیے اور پھر دوبارہ صحیح نمبر والے دائرہ کو گہرا کیجیے۔ اگر غلط جواب کو پوری طرح نہیں مٹایا گیا تو دائرہ پر اس کے دھبے رہ جائیں گے اور دو جوابات تصور کیے جائیں گے اور اس پر کوئی نمبر نہیں دیئے جائیں گے۔

6۔ اگر کسی سوال کے ایک سے زائد جوابات دیئے جائیں تو کوئی کریڈٹ نہیں دیا جائے گا اس لیے آپ موزوں ترین جواب کا انتخاب کریں۔

7۔ آپ کسی ایک سوال پر بہت زیادہ وقت ضائع نہ کریں۔ اگر آپ کسی سوال کو مشکل سمجھیں تو اس کو چھوڑ کر اگلے سوال پر چلے جائیں۔ اگر تمام سوالوں کے جواب دینے کے بعد آپ کا وقت بچتا ہے تو آپ دوبارہ ان سوالوں سے رجوع ہو سکتے ہیں جن کا جواب آپ نے نہیں دیا۔

☆☆☆

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## شعبہ تجارت و کاروباری انتظامیہ

### داخلہ امتحان ۔ ۲۰۱۱ء

مجموعی نشانات۔100 وقت: 2 گھنٹے

---

## Section - A

### مضمون سے متعلق سوالات

1۔ کم از کم وصول شدہ سرمایہ برائے عوامی کمپنی۔

(a) ایک لاکھ (b) دولاکھ

(c) تین لاکھ (d) پانچ لاکھ

2۔ ایک عوامی کمپنی اپنا کاروبار اُس وقت شروع کرسکتی ہے جبکہ وہ حاصل کرلے۔

(a) شمولیت کا صداقت نامہ (b) کم از کم چندہ

(c) کاروبار شروع کرنے کا صداقت نامہ (d) اسمیں کچھ بھی نہیں

3۔ اسمیں کونسی کھاتہ داری کی مساوات ہے؟

(a) C=A-L (b) C=A+L

(c) A=L-C (d) L=A-C

4۔ ہنری فیال(Henry Fayol)اس کے لئے مشہور ہے۔

(a) سائنسی انتظامیہ (b) یکسانیت کا انتظامیہ

(c) صنعتی انقلاب (d) اصولِ انتظامیہ

5۔ 'X'اور'Y' تحریک کا نظریہ کس نے پیش کیا۔(motivation theory of X & Y)

(a) Mc grager (b) Maslow

(c) urwick (d) Herzberg

6۔ خانگی کمپنی میں سالانہ جلسے (.A.G.M) کے لیے کم از کم اراکین کی تعداد:

(a) 2 (b) 3

(c) 4 (d) 5

7۔ مرکزی بنک(R.B.I) یہ ہے؟

(a) حکومت کی کمپنی (b) عوامی کمپنی

(c) خانگی کمپنی (d) شعبۂ مال

8۔ اختتامی ذخیرہ جبکہ تختۂ آزمائشی میں دیا گیا ہوں تو یہاں آئے گا۔

(a) تجارتی کھاتہ (b) تختۂ باقیات(Balance Sheet)

(c) نفع ونقصان کھاتہ (d) اسمیں کوئی بھی نہیں

9۔ عطیۂ خاص(Donations) وصول ہوں تو کہاں لکھا جائے گا؟

(a) آمدنی واخراجات کھاتہ (b) تختۂ باقیات میں اثاثہ کی جانب

(c) تختۂ باقیات میں ذمہ داریوں کی جانب (d) وصولیات وادائیگی کھاتہ

10۔ A اور B شراکت داری میں 3:2 کے شریک ہیں۔C کو 1/5 حصہ دیکر داخلہ دیا گیا۔ نیا تناسب کیا ہوگا؟

(a) 3:2:1 (b) 6:4:1

(c) 12:8:5 (d) 12:6:2

11۔ شراکت داری میں نئے شریک کے داخلے کے وقت موجود عام ذخیرہ(General Reserve) کوکہاں منتقل کیا جاتا ہے؟

(a) نفع ونقصان ترمیمی کھاتہ (b) تختۂ باقیات

(c) پرانے شرکاء کے سرمایہ کھاتے (d) اسمیں کچھ بھی نہیں

12۔ ساکھ (Goodwill) کس قسم کا اثاثہ ہے؟

(a) وہ جودیکھا جاسکتا ہے (b) وہ جونہیں دیکھا جاسکتا ہے

(c) چالو اثاثہ (d) قائم اثاثہ

13۔ ذاتی استعمال کے لئے کاروباری مالک نے مال نکالا تو اس کا اندراج (Dr) کس کھاتے کو کیا جائے گا؟

(a) دوکان کھاتہ (b) مال کا کھاتہ

(c) سرمایہ کھاتہ (d) (a)اور(b) دونوں

14۔ کس قسم کے کاروباری ادارے کی قانونی شناخت ہوتی ہے؟

(a) تنہا تاجر (b) شراکت داری

(c) کمپنی (d) انجمن امدادِباہمی

15۔ عوامی کمپنی میں کم ازکم نظماء(Directors) کی تعداد؟

(a) 3 (b) 5

(c) 7 (d) 9

16۔ حکومتی کمپنی وہ کمپنی ہوتی ہے جسمیں مرکزی یا ریاستی حکومت کا کم از کم حصّہ۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتا ہے۔

(a) 25 (b) 26

(c) 50 (d) 51

17۔ Garner v/s Murray کا مقدمہ اس صورت میں لاگو کیا جائے گا۔

(a) داخلہ شریک (b) فرم کی تحلیل

(c) شریک کی سبکدوشی (d) شریک کا انتقال

18۔ تجربہ Hawthrone کس نے کیا۔

(a) Elton Mayo (b) Henry Foyal

(c) F.W. Taylor (d) M.P. Follet

19۔ اصولِ اندرونی انتظامیہ (Doctrine of Indoor Management) کی حاظت کے لیے ہوتا ہے۔

(a) نظماء کا بورڈ (b) حصص دار

(c) تمسکات دار (d) بیرونی معاملت دار

20۔ حصص پر منافع (Dividend) دو سالانہ جلسوں کے بیچ ادا کیا جائے تو۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(a) اختتامی منافع (b) درمیانی منافع

(c) خصوصی منافع (d) اسمیں کچھ بھی نہیں

21۔ ہندوستانی شراکت داری کا قانون اس سال نافذ کیا گیا۔

(a) 1956 (b) 1936

(c) 1932 (d) 1930

22۔ دوہرے اندراج (Double Entry) کا طریقہ کس ملک میں سب سے پہلے شروع کیا گیا۔

(a) امریکہ (b) جاپان

(c) انڈیا (d) اٹلی

23۔ مسلسل کاروبار کا تصور (Going Concerned Concept) کے مطابق کاروبار کی مدت۔

(a) طویل مدت (b) مختصر مدت

(c) اوسط مدت (d) اسمیں کوئی نہیں

24۔ ذیل کی تفصیلات سے (Net Profit) معلوم کیجیے۔

خام منافع Rs. 1,00,000، انتظامیہ کے اخراجات 30,000

فرسودگی Rs. 10,000، وصول شدہ کمیشن 5,000

(a) 50,000 (b) 60,000

(c) 65,000 (d) 70,000

25۔ چالو تناسب (Current Ratio) معلوم کیجیے:

اختتامی ذخیرہ 15,000، قرض دار 25,000

قرض خواہ 5,000، نقد و بنک 10,000

ادا طلب ھُنڈی 20,000

(a) 1:2 (b) 2:1

(c) 1:1 (d) 2:2

26۔ قیمت خرید کیا ہوگی جبکہ:

اختتامی ذخیرہ 3,500، اختتامی ذخیرہ 1,500،

لاگت فروخت (LOGS) 22,000 جملہ فروخت 50,000

(a) 26,000 (b) 25,000

(c) 24,000 (d) 20,000

27۔ درجوں کی ہم رشتگی (Rank Correlation) معلوم کرنے کا طریقہ کار:

(a) Karl pearsons (b) Spearmans

(c) Fishers (d) Kelly's

28۔ دیئے گئے مواد میں وہ کیا ہوتا ہے جو متواتر موجود ہوتا ہے۔

(a) وسطانیہ (Median) (b) اوسط (Mean)

(c) بہتاتیہ (Mode) (d) تمام

29۔ مخلوط معیشت یہ ہے۔

(a) جہاں رسد تو ہوتی ہے لیکن طلب نہیں (b) جہاں طلب تو ہوتی ہے لیکن رسد نہیں

(c) جہاں رسد و طلب دونوں ہوتی ہے (d) بازاری قوت و حکومت کی مداخلت ہوتی ہے

30۔ عوامی شعبہ سے مراد:

(a) بارٹر نظام (b) خانگی ملکیت

(c) حکومتی ملکیت (d) طلب و رسد

31۔ مکمل مسابقت سے مراد:

(a) خریدار وفروخت کنندے کی زیادہ تعداد
(b) خریداروں کی کم تعداد
(c) فروخت کنندوں کی کم تعداد
(d) اسمیں سے کوئی نہیں

32۔ اجارہ داری کے لئے انہیں سے کونسا صحیح ہے۔

(a) زیادہ خریدار وفروخت کنندے
(b) ایک ہی خریدار
(c) ایک ہی فروخت کنندہ
(d) دوفروخت کنندے

33۔ انہیں سے کونسی عالمی معاشی تنظیم نہیں ہے۔

(a) IMF
(b) World Bank
(c) WTO
(d) NABARD

34۔ بین الاقوامی کارپوریشن (MNC) کیا ہے۔

(a) مال کو بیرون ملک فروخت کرنا
(b) ایک سے زائد ملک میں پیداوار کرنا
(c) دوسرے ممالک سے خریداری کرنا
(d) صرف اندرون ملک فروخت کرنا

35۔ بابائے معاشیات کا نام (Father of Economics)

(a) آدم سمتھ
(b) الفریڈ مارشل
(c) رابنس
(d) ریکاڈو

36۔ حسبِ ذیل کا وسطانیہ (Median) کیا ہوگا۔

46, 35, 82, 63, 26, 38, 90

(a) 36
(b) 46
(c) 63
(d) 90

37۔ درجوں کی ہم رشتگی (Rank Correlations) معلوم کرنے کا طریقہ کار:

(a) Karl Pearsons
(b) Spearman
(c) Fissher
(d) Kelly's

38۔ دیئے گئے مواد (Data) میں وہ کیا ہوتا ہے جو متواتر موجود ہوتا ہے۔

(a) وسطانیہ (Median)
(b) اوسط (Mean)
(c) بہتاتیہ (Mode)
(d) تمام

39۔ ہم رشتگی کی حد (Range of Correlations) کیا ہوتی ہے۔

(a) 0 to +1
(b) -1 to +1
(c) -1 to ∞
(d) -1 to 0

40۔ موادکو دو برابر حصّوں میں تقسیم کرنے والا Measure of Central Tendency کیا ہے۔

(a) اوسط (Mean)  (b) بہتاتیہ (Mode)

(c) وسطانیہ (Median)  (d) حد (Range)

41۔ حسبِ ذیل میں سے کونسی کاروباری تنظیم کی مثال نہیں ہے۔

(a) تنہا تاجر  (b) ملازم

(c) شراکت داری  (d) کمپنی

42۔ حسبِ ذیل میں سے کونسی حصص کی قسم نہیں ہے۔

(a) مساوی حصص  (b) ترجیحی حصص

(c) بونس حصص  (d) خصوصی حصص

43۔ غلط بیانی سے حاصل کیا ہوا معاہدہ کے بدلے یہ ملے گا۔

(a) Damages  (b) Injunction

(c) Rescission  (d) a اور b

44۔ معاہدے کے بنیادی اجزاء یہ ہیں۔

(a) ایجاب وقبول  (b) ایجاب،قبول اور بدلِ عہد

(c) یقینی کیفیت  (d) اوپر کے تمام

45۔ مندرجہ ذیل میں کس سے معاہدہ کیا جا سکتا ہے۔

(a) نابالغ  (b) غیر صحیح العقل شخص

(c) عمر رسیدہ اشخاص  (d) a اور b

46۔ معیاری انحراف اگر (9) ہوں تو اس کا variance کیا ہوگا۔

(a) 3  (b) 9

(c) 21  (d) 81

47۔ حسبِ ذیل میں سے کونسا (Measures of Central Tendency) نہیں ہے۔

(a) اوسط (Mean)  (b) وسطانیہ (Median)

(c) بہتاتیہ (Mode)  (d) معیاری انحراف (Quartile Deviation)

48۔ اگر اوسط حسابیہ 40 ہوں وسطانیہ 30 ہوں تو بہتاتیہ کیا ہوگا۔

(a) 10  (b) 15

(c) 20  (d) 25

49۔ اثاثہ کی قیمت Rs. 1,00,000، اسکراپ کی قیمت 10,000، اثاثہ کی زندگی 9 سال سالانہ فرسودگی کیا ہوگی۔

(a) 10,000 (b) 9,000

(c) 8,000 (d) 7,000

50۔ مرسیل (Consigner)، مرسیل الیہہ (Consignee) کو ادھار فروخت کی رقم وصول کرنے کے لیے یہ کمیشن دیتا ہے۔

(a) عام کمیشن (b) ڈل کریڈر کمیشن (Del Credere Commission)

(c) over riding کمیشن (d) ان میں کوئی نہیں

51۔ وہ کونسا طریقہ لاگت ہے جو دو یا زائد مرحلوں (stages) سے گذر کر تیار شدہ مال میں تبدیل ہوتا ہے۔

(a) Job costing (b) process costing

(c) unit costing (d) operating costing

52۔ چالو تناسب (Current Ratio) محسوب کرنے کا ضابطہ:

(a) چالو اثاثے / چالو ذمہ داریاں (b) چالو ذمہ داریاں / چالو اثاثے

(c) جملہ اثاثے / جملہ ذمہ داریاں (d) جملہ ذمہ داریاں / جملہ اثاثے

53۔ ''اصولِ معاشیات'' کتاب کس نے مرتب کیا۔

(a) ادم اسمتھ (b) مارشل

(c) ریکاڈو (d) مالتھس

54۔ افادہ کی کس طرح پیمائش کی جاتی ہے۔

(a) utils (b) utencils

(c) کیلوگرام (kg) (d) لیٹر

55۔ وہ نقطہ جس پر نفع ہونا نقصان ہی کہلاتا ہے۔

(a) BEP (b) BES

(c) BED (d) BRS

56۔ کامیاب تاجر کے لیے حسبِ ذیل میں سے ایک کی ضرورت نہیں۔

(a) قابل (b) ذہین

(c) خوبصورت (d) تجربہ کار

57۔ ’’خالص بنکنگ‘‘۔ ’’کچھ بھی نہیں سوائے اس کے‘‘ ’’pure banking nothing else‘‘
یہ نعرہ کس بنک کا ہے۔

(a) SBI (b) SBH

(c) HDFC (d) ICICI

58۔ یورو (Euro) سے مراد۔

(a) کرنسی (b) شہر

(c) دریا (d) صنعت

59۔ ایک ناظم زیادہ سے زیادہ کتنے کمپنیوں میں اپنی خدمات انجام دے سکتا ہے۔

(a) 10 (b) 20

(c) 30 (d) 40

60۔ قتل کرنا، اغوا کرنا خودکشی کے لئے مجبور کرنا وغیرہ۔۔۔۔۔۔کے تحت آتا ہے۔

(a) فریب (b) غلطی

(c) غلط بیانی (d) جبر (coercion)

## Section - B

## عام معلومات پر مبنی سوالات

61۔ وہ کونسی ہاکی ٹیم ہے جو عالمی کپ 2010 جیتی۔

(a) جرمنی (b) آسٹریلیا

(c) پاکستان (d) انڈیا

62۔ غریب رتھ سے مراد:

(a) غریبوں کے لیے پہلی اے سی ٹرین (b) کم قیمت والی کار

(c) پراجکٹ جو حکومت کی جانب سے شروع ہوا (d) سب سے طویل مسافت والی ٹرین

63۔ ICC، 20-20 عالمی کپ 2010 میں کس نے جیتا۔

(a) انگلینڈ (b) انڈیا

(c) پاکستان (d) آسٹریلیا

64۔ راگھون کمیٹی اس مقصد کے لیے بنائی گئی۔

(a) Ragging (b) مسلمان کی ترقی

(c) معاشی منصوبہ بندی (d) اس میں کچھ بھی نہیں

65۔ وہ کونسی کمپنی ہے جو "Nano" کے نام سے ایک لاکھ روپیئے میں کار نکالی۔

(a) ماروتی سوزوکی (b) ٹاٹا

(c) مہندرا (d) فورڈ

66۔ سپریم کورٹ آف انڈیا کے موجودہ چیف جسٹس یہ ہے۔

(a) آریم لاہوٹی (b) وی ویں کھارے

(c) لیس ایچ کپاڈیہ (d) وائی کے سبروال

67۔ مستثنیٰ آمدنی کی حد برائے معمر شہریان برائے سال 11-2010 کیا ہے۔

(a) ڈیڑھ لاکھ (b) دولاکھ

(c) دولاکھ چالیس ہزار (d) پانچ لاکھ

68۔ ہندوستانی دستور میں کتنے جدول ہے۔

(a) 9 (b) 10

(c) 11 (d) 12

69۔ آیٹمی ریکٹر میں کونسا ایندھن استعمال کیا جاتا ہے۔

(a) کوئلہ (b) یورانیم

(c) پٹرول (d) ریڈیم

70۔ مائنمار کی کرنسی:

(a) ڈالر (b) روپیہ

(c) ٹکہ (d) کیاٹ (kyat)

71۔ ہندوستان کی کونسی ریاست بلحاظ رقبہ بڑی ہے۔

(a) اتر پردیش (b) مدھیہ پردیش

(c) مہاراشٹرا (d) راجستھان

72۔ پارلیمنٹ میں یہ شامل ہے۔

(a) صدر جمہوریہ لوک سبھا راجیہ سبھا (b) لوک سبھا راجیہ سبھا

(c) لوک سبھا ودھان سبھا (d) ودھان سبھا ودھان پریشد

73۔ جسپال رانا کونسے کھیل کا مایہ ناز کھلاڑی ہے۔

(a) تیراکی (b) ویٹ لفٹنگ

(c) شوٹنگ (نشانہ بازی) (d) تیراندازی

74۔ درونا چاریہ ایوارڈ کس کو دیا جاتا ہے۔

(a) ماہر جراح(eminent surgeon) (b) مشہور مصّور(Famous painter)

(c) کھیل کے کوچس(sports Coaches) (d) ماہر انجینیر (Expert Engineer)

75۔ ''بابا آمٹے(Baba Aamte)''اس لیے مشہور ہے۔

(a) پینٹر(مصور) (b) گلوکار

(c) سیاست دان (d) سماجی کارکن

76۔ ہندوستان کی سب سے بڑی جھیل۔

(a) نینیتال (b) چلکا

(c) ڈل (d) سامبر

77۔ دنیا کا سب سے چھوٹا سمندر یہ ہے۔

(a) بحرالکاہل (b) بحر عرب

(c) بحر ہند (d) بحر آرکٹک (Arctic Sea)

78۔ ہندوستان میں سب سے بڑا عوامی بنک۔

(a) CBI (b) SBI

(c) IOB (d) IDBI

79۔ سیاسی جماعتوں کو مسلمہ موقف عطا کرنے والا ادارہ۔

(a) پارلیمنٹ (b) صدر جمہوریہ

(c) سپریم کورٹ (d) الیکشن کمیشن

80۔ صدر جمہوریہ نائب صدر جمہوریہ کی غیر موجودگی میں ان کے فرائض انجام دیتا ہے۔

(a) وزیر اعظم (b) وزیر داخلہ

(c) چیف جسٹس (d) اسپیکر

81۔ منصوبہ بندی کمیشن کے چیرمین کون ہے۔

(a) منموہن سنگھ (b) مانٹک سنگھ اہلووالیہ

(c) راہول گاندھی (d) کپل سبل

82۔ 2014 کا فٹبال عالمی کپ کہاں کھیلا جائے گا۔

(a) برازیل (b) کینیڈا

(c) جنوبی آفریقہ (d) میکسیکو

83۔ ہندوستان کا کونسا شہر ''ہندوستانی باغوں کا شہر'' کہلاتا ہے۔

(a) سری نگر (b) بنگلور

(c) میسور (d) حیدرآباد

84۔ سری ہری کوٹا (Sri Hari Kota) اس کے لیے مشہور ہے۔

(a) سٹیلاٹ۔۔۔کا اسٹیشن (b) تھرمل پاور اسٹیشن

(c) ہوائی اڈہ (d) نیوکلیر پاور اسٹیشن

85۔ گیٹ آف انڈیا اس شہر میں واقع ہے۔

(a) نیودہلی (b) ممبئی

(c) چینائی (d) کولکتہ

86۔ ''قومی ترانہ'' کو کس نے لکھا۔

(a) سروجنی نائیڈو (b) رابندرناتھ ٹیگور

(c) بی۔ چیڑجی (d) آروبندو (Aurobindo)

87۔ نیلا انقلاب (Blue Revolution) کس سے منسلک ہے۔

(a) خلائی تحقیق (b) سمکیات

(c) پینے کا پانی (d) پولٹری فارم

88۔ .U.N.O کی شروعات کب ہوئی/ .U.N.O کا کب وجود عمل میں آیا۔

(a) ۲۴/اکتوبر ۱۹۴۵ء (b) ۲۴/اکتوبر ۱۹۴۳ء

(c) ۲۶/نومبر ۱۹۴۵ء (d) ۲۶/نومبر ۱۹۴۳ء

89۔ لوک سبھا کے جلسوں کی صدارت کون کرتا ہے۔

(a) اسپیکر (b) وزیر اعظم

(c) صدر جمہوریہ (d) نائب صدر جمہوریہ

90۔ ہندوستان کا قومی پھول۔

(a) گلاب (b) چنبیلی

(c) کمل (d) سورج مکھی

## Section - C
## وضاحتی سوال

91۔ عالمیانہ (Globalization)، خانگیانہ (Privatisation) اور سہل کاری (Liberalisation) کے بارے میں تفصیلی نوٹ لکھیے۔ **(جواب اردو میں ہونا چاہیے)**

92- Explain the importance of Management Education? Why do you want to do MBA course - Discuss? (Write in English)